سوال

(263) روزے کی حالت میں دمہ کے مریض کےلیے سانس والے سپرے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل دَمہ کے مریض منہ میں ''اِن ہیلر'' کے ذریعے سپرے کرتے ہیں جس سے گیس منہ سے اندر جاتی ہے۔ اور سانس میں آسانی آجاتی ہے۔ آیا ایسے سپرے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا کہ نہیں؟ (محمد مسعود صابر خورشید کالونی۔ گجرات) (۱۹ جولائی ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دمہ کے مریض کےلیے اضطراری حالت میں سپرے کا جواز ہے۔ اور اختیاری حالت میں پرہیز ضروری ہے۔

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (التغابن: ۱۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 255

محدث فتویٰ